# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/FOAB/03 | | | |
|---|---|---|---|
| کام کرنے کی جگہ (Workplace) | ڈویژن | شعبہ (Department) | فیضان آن لائن اکیڈمی (Boys) |
| منصب (Designation) | ڈویژن ذمہ دار | جوابدہ (Report to) | صوبائی ذمہ دار |
| کام (Function) | عاشقانِ رسول (بچوں، اسلامی بھائیوں) کو آن لائن حفظ و ناظرہ قرآن پاک اور درس نظامی (عالم کورس) کے ساتھ ساتھ دیگر مختلف کورسز کروانا | ماتحت اسٹاف (Subordinate Staff) | برانچ ناظم، شفٹ ناظم، مفتش |

## منصب کے کام - Job Description

1. ڈویژن سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. جدول سافٹ ویئر میں پیشگی و عملی جدول انٹر کرنا، پیشگی جدول بنانے میں ماتحتوں کی رہنمائی کرنا اور جدول چیک کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشورے کرنا، مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا/کروانا۔
4. اہل ذمہ داران کا تقرر کرنا، ذمہ داران کو فعال رکھنا، تقرری و تبدیلی کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھنا اور تقرری کا ہر ماہ جائزہ لینا۔
5. ہوم کلاسز کا طے شدہ مدنی پھولوں کے مطابق جائزہ لینا اور نگران کو اپڈیٹ رکھنا۔
6. تمام آن ورکنگ شفٹوں کی انٹرنیٹ سروس بحال رکھوانا، کلاسز (ان برانچ، ان ہوم) کو کنٹرول کروانا اور LMS (Learning Management System) سافٹ ویئر کو مینیج کروانا۔
7. برانچز میں موجود اسیسریز (لیپ ٹاپ، ہیڈ فون، ماؤس، ٹیبل، کرسی وغیرہ) فکس ایسٹ رپورٹ کے مطابق اپڈیٹ رکھنا اور اس کی حفاظت کروانا۔
8. فارغ التحصیل طلباء میں تقسیم اسناد اجتماعات کا اہتمام کروانا، ان اجتماعات کے انتظامی معاملات دیکھنا نیز باثر عاشقان رسول کی اجتماعات میں شرکت کروانا۔
9. برانچز/دفاتر کے انتظامی معاملات اور مجالس کے جملہ امور کا طے شدہ طریقہ کار کے مطابق جائزہ کرنا۔
10. فیضان آن لائن اکیڈمی کی لوکیشن مکمل ایڈریسز کے ساتھ گوگل لوکیشن میں ایڈ کروانا اور تمام برانچز میں فیڈ بیک کا آفیشل پینافلیکس نمایاں جگہ پر آویزاں کروانا۔
11. بجلی و انٹرنیٹ سروس بحال رکھنے کے لئے تمام برانچز میں شعبے کے طے شدہ طریقہ کار کے مطابق جنریٹر/یو پی ایس/سولر وغیرہ کا انتظام کروانا۔
12. فیضان آن لائن اکیڈمی بوائز کے پلاٹس اور عمارات دعوتِ اسلامی کے نام کروانے میں پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ کی معاونت کرنا۔
13. اپنے متعلقہ جملہ امور کی تکمیل و ترقی کے لیے پلاننگ (Planning) کرنا اور طے شدہ کاموں کا نفاذ کرنا/کروانا۔
14. تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا اور شعبے کے ایس او پیز (SOP's)، جاب ڈسکرپشنز (JD's) کا مطالعہ کرنا نیز کے پی آئیز (KPI's) سمجھنا/سمجھانا۔
15. اپنے ماتحت ذمہ داران کے ایچ آر (اجارہ) اور فنانس کے معاملات دیکھنا نیز شعبے سے متعلقہ موصول ہونے والی شکایات و تجاویز کو حل کرنا/کروانا۔
16. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا/رکھوانا اور طے شدہ کارکردگیاں چیک کرنا نیز مینول/سافٹ ویئر میں درست اور بروقت انٹر کرنا۔
17. ای میلز، واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت (Timely) مکمل کرنا/کروانا۔
18. نگران کے ذریعے ماتحت افراد اور شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم:** میٹرک/انٹرمیڈیٹ
- **دینی تعلیم:** ناظرہ ٹیسٹ پاس ہو — نوٹ:۔ درس نظامی کیے ہوئے کو ترجیح دی جائے گی
- متعلقہ شعبے میں تدریس و نظامت کا تجربہ ہو
- People Management, Communication Skill, Adaptability & Flexibility, Conceptual Skills, Rapport-building, Time management

**اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درج ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔**

- روزانہ 2 گھنٹے 12 دینی کاموں بالخصوص قافلہ، مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں نیز ماتحتوں کو بھی ترغیب دلائیں۔

- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں اور اپنے تحت ذمہ داران کو اسکا ذہن دیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) کے مواقع میں شرکت کریں نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی با اثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوت اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دار المدینہ، دار الافتاء اہلسنت اور فیضانِ مدینہ وغیرہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیر اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔